**بینک دولت پاکستان**

**شعبۂ اسلامی بینکاری**

**آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی**

**آئی بی ڈی سرکلر نمبر 04 برائے 2020ء** — **02 اکتوبر 2020ء**

صدور / چیف ایگزیکٹوز،

تمام بینک اور ترقیاتی مالی ادارے

محترم / محترمہ،

**ترقیاتی مالی اداروں (ڈی ایف آئیز) کی جانب سے اسلامی بینکاری اداروں (آئی بی آئیز) کے قیام اور شریعت سے ہم آہنگ کاروبار اور آپریشنز کے آغاز کے لیے رہنما خطوط اور معیارات**

براہِ مہربانی آئی بی ڈی سرکلر نمبر 02 بتاریخ 29 اپریل 2004ء ملاحظہ کیجیے جس میں اسلامی بینکاری اداروں کے قیام کے لیے رہنما خطوط اور معیارات مقرر کیے گئے ہیں۔

2۔ اس کے بعد، روایتی اور اسلامی بینکاری اداروں (یعنی مکمل اسلامی بینکوں، اسلامی بینکاری کے ذیلی اداروں اور روایتی بینکوں کی اسلامی برانچوں) کے لیے لائسنس سازی اور ضوابطی نظام میں متعدد پیشرفتیں ہوئی ہیں۔ چنانچہ مذکورہ بالا سرکلر کو ان کے مطابق اپ ڈیٹ کیا گیا ہے اور نظر ثانی شدہ ہدایات کو موجودہ روایتی بینکوں، ترقیاتی مالی اداروں، اسلامی بینکاری اداروں اور ممکنہ نووارد بینکوں کی سہولت کے لیے منسلک رہنما خطوط اور معیارات کی شکل میں جاری کیا جارہا ہے، جن میں درج ذیل شعبوں کا احاطہ کیا گیا ہے۔

i. مکمل اسلامی کمرشل بینک کے قیام کے لیے رہنما خطوط اور معیارات (ضمیمہ-I)

ii. موجودہ روایتی کمرشل بینک کی جانب سے اسلامی بینکاری ذیلی ادارے کے قیام کے لیے رہنما خطوط اور معیارات (ضمیمہ-II)

iii. رہنما خطوط اور معیارات برائے:

الف۔ روایتی کمرشل بینک کی جانب سے مکمل اسلامی بینکاری برانچیں (آئی بی بیز) کھولنا (ضمیمہ-III)

ب۔ کسی ترقیاتی مالی ادارے کی جانب سے شریعت سے ہم آہنگ کاروبار اور آپریشنز کا آغاز (ضمیمہ-III)

3۔ یہ رہنما خطوط اور معیارات فوری طور پر نافذ العمل ہوں گے اور یہ آئی بی ڈی سرکلر نمبر 02 بتاریخ 29 اپریل 2004ء میں جاری کردہ ہدایات پر فوقیت رکھتے ہیں۔

4۔ وصولی سے مطلع فرمایئے۔

منسلکات:

(ضمیمہ-I)

(ضمیمہ-II)

(ضمیمہ-III) (مع تتمہ-الف اور تتمہ-ب)

آپ کا مخلص

(غلام محمد)

ڈائریکٹر